© rasailojaraid.com



وافر تعداد میں موجود ہیں۔ تعجب ہے کہ ترجمہ اور نظر ثانی' نیز پروف خواں اصحاب نے اس باب میں مطلوبہ احتیاط کیوں نہیں کی؟

بعض جگہ محسوس ہوتا ہے کہ رسولؐ اللہ کے کسی مشورے یا بیان کو بھی ''عدالتی فیصلہ'' بنا دیا گیا ہے' لیکن ایسی مثالیں خال خال ہیں۔ بعض احادیث کی استنادی حیثیت پر بھی نظر ڈالنا ضروری تھا۔ پھر بھی یہ کتاب کئی حوالوں سے اپنے موضوع پر سابقہ کتب سے اچھی محسوس ہوتی ہے۔

کتاب کے موضوعات کی وسعت اور پیش کاری کا اسلوب خوش آیند ہے جسے طبقہ وکلا اور تمام سطحوں کے جج صاحبان کے زیر مطالعہ آنا چاہیے۔ (سلیم منصور خالد)

**مجلہ معارفِ اسلامی** (خصوصی اشاعت: بیاد ڈاکٹر محمد حمیداللہ)' مدیر مسئول: ڈاکٹر علی اصغر چشتی' مدیر: حافظ محمد سجاد۔ ناشر: کلیہ عربی و علوم اسلامیہ' علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی' اسلام آباد۔ صفحات: ۵۷۵۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔

ڈاکٹر محمد حمیداللہ کی وفات ان کی شخصیت' علمی و فکری کارناموں اور قرآنی و دینی خدمات پر مضامین' کتابوں اور رسالوں کے خصوصی نمبروں کا سلسلہ جاری ہے۔ معارفِ اسلامی کا یہ شمارہ اسی سلسلے کی تازہ کڑی اور ''حمیدیات'' میں ایک بڑا قابلِ تحسین اضافہ ہے جسے نام وَر اہلِ قلم سے بطور خاص مضامین لکھوا کر' محنت سے مرتب کیا گیا ہے۔ یہ ضخیم اشاعت مرحوم کی سوانح اور تحقیق کے تقریباً تمام ہی پہلوؤں کو محیط ہے اور خطوط کی بڑی تعداد بھی ذخیرۂ حمیدیات میں اچھا اضافہ ہے۔ پورا شمارہ حوالے کی چیز ہے۔ حافظ محمد سجاد صاحب کی مرتبہ کتابیاتِ حمیداللہ (ص ۵۴۹-۵۷۵) اس موضوع پر تحقیق و مطالعہ کرنے والوں کے لیے ایک کارآمد راہ نما ہے۔ (ر - ہ)

**Terrorism in Action, Why Blame Islam**' [راج دہشت گردی کا' الزام اسلام پر؟]' اقبال ایس حسین۔ ناشر: الائیڈ بک کارپوریشن' نقی مارکیٹ' شارع قائداعظم' لاہور۔ صفحات: ۳۸۲۔ قیمت: ۶۵۰ روپے/ ۲۸ ڈالر۔

مصنف حالاتِ حاضرہ اور بین الاقوامی امور پر تواتر سے لکھنے والے اہلِ قلم میں شامل

© rasailojaraid.com